NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC HEALTH + HOSPITALS پیش کرتے ہیں

BEST SCENARIO FILM FESTIVAL

# فلو سے بچائیں اپنے آپ کو



G GENERAL AUDIENCES ALL AGES ADMITTED

★★★★★ آپ کا ڈاکٹر

★★★★★ سب وے پر آپ کے ساتھ والا شخص

★★★★★ آپ کی فیملی

آج ہی اپنی فلو ویکسین لگوائیں!
ملاقات کے لیے اپنے ڈاکٹر کے دفتر کی وزٹ کریں یا ہمیں کال کریں۔
**1-844-NYC-4NYC** (1-844-692-4692)

## فلو ویکسین - اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### فِلو کا ٹیکہ کس کو لگوانا چاہیئے؟

+ 6 ماہ یا اس سے زیادہ عمر کے New York کے سبگان کو فلو کی ویکسین لگوانی چاہیے، لیکن خاص طور پر:*
+ 5 سال سے کم عمر کے بچے
+ 50 برس سے بڑی عمر کے افراد کو
+ حاملہ اور بعد از وضع حمل خواتین
+ ذیابیطس، دمہ، ایچ آئی وی، موٹاپا گردے اور دل کی بیماری جیسی دائمی طبی حالتوں میں مبتلا افراد
+ نرسنگ ہومز یا طویل مدتی نگہداشت کی سہولیات کے رہائشی اور عملہ
+ انتہائی اہم کام انجام دینے والے، بلخصوص صحت کی دیکھ بھال کرنے والے۔

### فلو ویکسین لگوانا رواں برس اتنا ضروری کیوں ہے؟

+ فِلو اور COVID-19 دونوں کے لگنے کا امکان موجودہے۔
+ فلو کی ویکسین لاکھوں بیماریوںاور فلو کے باعث ڈاکٹروں کے پاس جانے سے بچاتی ہے۔ 2023-2024 کے فلو سیزن کے دوران، فلو کی وجہ سے ایک اندازے کے مطابق 40 ملین افراد بیمار ہوئے، 470,000 لوگوں کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑا، اور فلو سے ہی 28,000 سےاموات واقع ہوئیں۔
+ فلو اور COVID-19 مختلف وائرسوں کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ لہٰذا، اگرچہ فلو کا ٹیکہ COVID-19 سے تحفظ فراہم نہیں کرتا، لیکن یہ فلو کی بیماریوں، اسپتال میں داخل ہونے کی شرح، اور اموات کے اضافی بوجھ کو کم کرے گا، جو ہماری کمیونٹی اور نگہداشت صحت کے نظام پر اثر انداز ہوتا ہے۔

### اپنے آپ کو اور دوسروں کو فلو اور سانس کی دیگر بیماریوں سے بچانے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

+ ہر سانس کے وائرس کے موسم میں فلو کی تازہ ترین ویکسین اور اپ ڈیٹ شدہ COVID-19 ویکسین حاصل کریں۔
+ اپنے ہاتھ اچھی طرح باقاعدگی سے دھوئیں یا سینی ٹائیزکریں
+ سانس لینے کے آداب پر عمل کریں – اپنی کھانسی اور چھینکوں کو کور کری
+ اپنی آنکھوں، ناک اور منہ کو چھونے سے پرہیز کریں
+ بیمار افراد کے ساتھ قریبی رابطے سے گریز کریں
+ جب بھی بھیڑ یا محدود جگہوں پر ان لوگوں کے ساتھ ہوں جنہیں آپ نہیں جانتے، ایک اعلی معیار کا ماسک پہنیں اور یقینی بنائیں کہ یہ آپ کے منہ اور ناک کو ڈھانپتا ہو
+ اگر آپ بیمار محسوس کرتے ہیں، تو گھر پر رہیں اور اپنے بنیادی فراہم کنندہ سے رابطہ کریں یا ورچوئل ExpressCare فراہم کنندہ سے ExpressCare.nyc پر جا کر یا 631-397-2273 پر کال کر کے بات کریں۔
+ اگر آپ بیمار محسوس کرتے ہیں، تو فلو اور COVID-19 کے لیے ٹیسٹ کروائیں۔

### کیا آپ فلو ویکسین اسی وقت حاصل کر سکتے ہیں جس وقت COVID-19 ویکسین لیا جا رہا ہے؟

ہاں۔ آپ فلو کا ٹیکہ دیگر ویکسینز کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوا سکتے ہیں، جن میں COVID-19 کی ویکسین بھی شامل ہے، اور اگر آپ اہل ہوں تو آر ایس وی (Respiratory Syncytial Virus, RSV) کی ویکسین بھی۔

## انفلوئنزا (فِلو)

- انفلوئنزا کےوائرس کے باعث ہونے والی سانس کی بیماری
- ٹرانسمیشن سانس کی بوندوں، ایروسول اور آلودہ سطحوں کے ساتھ رابطے کے ذریعے ہوتا ہے۔
- زیادہ تر افراد جو فلو میں مبتلا ہوتے ہیں، علامات ظاہر ہونے سے تقریباً ایک دن پہلے سے لے کر علامات ظاہر ہونے کے 5 سے 7 دن بعد تک دوسروں کو متاثر کر سکتے ہیں۔
- ایف ڈی اے (Food and Drug Administration, FDA) سے منظور شدہ ان اینٹی وائرل ادویات سے علاج کیا جا سکتا ہے جو فلو وائرس کو نشانہ بناتی ہیں

## COVID-19

- سانس کی بیماری SARS-CoV-2 نامیایک وائرس سے ہوتی ہے۔
- فلو سے زیادہ متعدی ہوسکتی ہے
- ٹرانسمیشن سانس کی بوندوں اور ایروسول کے ذریعے ہوتا ہے
- COVID-19 کی علامات عام طور پر وائرس کے سامنے آنے کے تقریباً 4-5 دن بعد شروع ہوتی ہیں
- اس سے بچوں کو ملٹی سسٹم انفلیمنٹری سنڈروم ہوسکتا ہے
- اس سے طویل مدتی ضمنی اثرات بھی پیدا ہوسکتے ہیں جنھیں ''لانگ COVID'' کہا جاتا ہے، جس میں کئی طرح کی علامات ہوسکتی ہیں جو بیماری کے ہفتوں یا مہینوں بعد تک جاری رہ سکتی ہیں۔
- FDA سے منظور شدہ اینٹی وائرل ادویات سے علاج کیا جا سکتا ہے

## دونوں

- اوورلیپنگ علامات ہیں جن میں: بخار، سردی لگنا، کھانسی، سانس لینے میں دشواری، سانس لینے میں دقت، تھکاوٹ، گلے میں خراش، ناک بہنا اور بھری ہوئی ناک، پٹھوں میں درد، جسم میں درد، سر درد، الٹی، اسہال
- فلو اور COVID-19 دونوں ویکسین آپ کی شدید بیماری کی پیش رفت کے امکانات کو روک اور کم کر سکتی ہیں۔

ہمارے مخصوص کردہ ویکسی نیشن کے مراکز پر ویکسین لگوانے والے مریضوں کو فلو کے ٹیکے مفت، جلد اور بغیر کسی لاگت کے لگائے جاتے ہیں۔ آج ہی اپنے فلو کا ٹیکہ لگوائیں! اپنے قریب ٹیکہ لگانے کے مقام کے بارے میں معلوم کرنے کے لیے **nychealthandhospitals.org** پر جائیں یا **1-844-NYC-4NYC** (1-844-692-4692) پر کال کریں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS